**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 23.02.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | وسطی ایشیائی ممالک گوادر بندرگاہ سے مستفید ہوں،صدر زرداری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | معذور افراد کو معاشرے کا کارآمد شہری بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات ناگزیر ہیں،گورنر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | وزیر اعلیٰ کا پیر کوہ میں حادثے پر افسوس کا اظہار | انتخاب حب ودیگر اخبارات |
| 04 | سول ہسپتال عوام کو بہترین سہولیات فراہم کر رہا ہے، بخت محمد کاکڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | بلوچستان میں 12ویں جماعت تک قرآن پاک کی لازمی تعلیم کے لئے اقدامات کا آغاز | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | آئی جی ایف سی نارتھ کا دورہ کوہلو سیکورٹی صورتحال کا جائزہ قبائلی عمائدین سے ملاقاتیں | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | گوادر پولیس میں رپورٹ نہ کرنے والے لیویز اہلکاروں کو وارننگ جاری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر آشیانہ ہاؤسنگ اسکیم کے متاثرین کو پلاٹ حوالے کر دیئے گئے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | پاک فوج اور ایف سی سول اداروں سے ملکر عوامی مسائل کے حل کے لئے کوشاں ہے،بریگیڈیئر فیصل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | دہشت گردی کیخلاف آواز بلند کرنی ہوگی،کھلی کچہری | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 11 | بلوچستان کے حالات روز بروز خراب ہو رہے ہیں،مالک بلوچ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | نیشنل پارٹی کا ایف سی چیک پوسٹ للکپاس کیخلاف دھرنا دینے کا اعلان | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن و امان:

بختیار آباد ڈاکو لیویز اہلکاروں کے سامنے مسافروں کو لوٹ کر فرار،بیلہ تھانے میں کم سن طالب علم پر تشدد آواز اٹھانے والا باپ بھی اندر،ڈھاڈر دو روز قبل لاپتہ پولیس ملازم کی لاش برآمد،حب پولیس کی کارروائیاں مفرور ملزم گرفتار مسروقہ کار بھی برآمد،سوندر پولیس کی کارروائی تین ملزمان گرفتار مسروقہ موٹر سائیکل ومنشیات برآمد

## عوامی مسائل:

رمضان سے قبل ہی تاجر بےلگام،بیسن کی قیمت میں 100فیصد انتظامیہ خاموش عوام پریشان،کوئٹہ سے چلنے والی مسافر ٹرینوں میں سہولیات کا فقدان واش رومز میں پانی تک نہیں،کواری روڈ،زمان اسٹریٹ ملحقہ علاقوں میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے معمولات زندگی متاثر

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 23.02.2025

**اداریے:**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Curbing artificial inflation" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "why Balochistan needs an Agricultural Tax" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

**مضامین:**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**میں بلوچستان ہوں ! پاکستان میری پہچان**" کے عنوان سے نسیم الحق کا مضمون تحریر کیا ہے

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "**بلوچستان کا تعلیمی بحران**" کے عنوان سے عیسیٰ طاہر کا مضمون تحریر کیا ہے

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "**غیر قانونی پوست کی کاشت کاری ہمارے علاقے کا مستقبل**" کے عنوان سے محمود بلوچ کا مضمون تحریر کیا ہے

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 1

Dated: 23 FEB 2025

Page No. 1


## وسطی ایشیائی ممالک گوادر بندرگاہ سے مستفید ہوں: زرداری

### پاکستان ان ممالک کیلئے گیٹ وے، مستحکم دنیا مشترکہ ترقی کیلئے ناگزیر، خطاب

### صدر دوروزہ دورے پر لاہور پہنچ گئے، وزیراعظم سے پارٹی کو درپیش مسائل پر بات کرینگے

اسلام آباد، لاہور (اے پی پی، آئی این پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان وسطی ایشیائی ممالک کیلئے گیٹ وے کی حیثیت رکھتا ہے، مشترکہ (باقی صفحہ 5 نمبر 29)

ترقی اور خوشحالی کیلئے وسطی ایشیائی ممالک گوادر بندرگاہ سے مستفید ہو سکتے ہیں، موسمیاتی تبدیلی، غربت اور غلط معلومات جیسے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے عالمی تعاون اور شراکت داری کی ضرورت ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے 5 ویں بین الاقوامی ورکشاپ برائے قیادت اور استحکام کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا، صدر نے کہا کہ جامع اور پائیدار ترقی کیلئے ممالک کے درمیان تعاون کے فروغ کی ضرورت ہے، مستحکم دنیا مشترکہ ترقی کے لیے ناگزیر ہے، انہوں نے کہا کہ قیادت کی ذمہ داری ہے کہ وہ تعاون کے مواقع پیدا کرے، لوگوں کی فلاح اور مشترکہ امن اور خوشحالی کے لیے کام کرے، لوگوں کو ایک مشترکہ وژن کے گرد متحد کرے اور قیادت پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کی ترغیب دے، قبل ازیں صدر کو ورکشاپ کے اغراض و مقاصد سے متعلق بریفنگ دی گئی، ورکشاپ میں 64 غیر ملکی اور 32 پاکستانی شرکت کر رہے ہیں، علاوہ ازیں صدر آصف علی زرداری دو روزہ دورے پر ہفتہ کو لاہور پہنچ گئے جہاں وہ گورنر ہاؤس میں وزیر اعظم شہباز شریف سے پیپلز پارٹی کو پنجاب میں درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کریں گے، آصف علی زرداری پیپلز پارٹی پنجاب کے رہنماؤں سے ملاقاتیں بھی کریں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 23 FEB 2025 Page No. 2


## معذور افراد کو معاشرے کا کارآمد شہری بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات ناگزیر ہیں، گورنر

ترقی یافتہ ممالک [illegible] جسمانی طور پر معذور افراد کو با اختیار بنا کر فلاسفرز اور سائنسدان بنانے میں کامیاب ہو چکے ہیں، جعفر خان مندوخیل

[illegible]

کوئٹہ (پ ر) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل [illegible] ترقی یافتہ قومیں [illegible] انسانوں کا کام [illegible] انسانی وسائل کو ضائع کر رہے ہیں [illegible] قومی اہداف اور ترجیحات کے درمیان ایک گہرا فرق ہے گورنر [illegible] جدید سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کو انسانوں کی غیر استعمال شدہ صلاحیتوں کو بڑھانے کیلئے استعمال ........

بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

کررہے ہیں اور وہ اپنے جسمانی طور پر معذور افراد کو با اختیار بنا کر فلاسفرز اور سائنسدان بنانے میں کامیاب ہو چکے ہیں لیکن اسکے برعکس ہم اپنے معذور افراد کو محض معاشرے کا کارآمد شہری بنانے میں اب تک ناکام رہے ہیں وقت آن پہنچا ہے کہ ہم اپنے قومی اہداف اور ترجیحات کا ازسرنو جائزہ لیں اور موجودہ حکومت سرکاری ملازمتوں میں معذور افراد کیلئے مختص کوٹہ پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائے تاکہ ہمارے معاشرے کا کوئی بھی فرد پیچھے نہ رہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مقامی اخبار کے چیف ایڈیٹر خلیل الرحمان اور نیوز چینل کے بیورو چیف رضاء الرحمان کی قیادت میں "آل اسپیشل پرسنز ویلفیئر سوسائٹی بلوچستان" کے وفد سے گزشتہ روز گورنر ہاؤس میں ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا

Balochistan Time Quetta

# Mandokhel for providing equal opportunities to all

**Staff Report**

**QUETTA:** Governor Balochistan Jafar Khan Mandokhel emphasized the need for Pakistan to re-examine its national goals and priorities, particularly in empowering disabled individuals. He noted that developed countries have successfully utilized modern science and technology to enhance human capabilities, enabling their disabled citizens to become philosophers and scientists.

Governor Balochistan Jafar Khan Mandokhel said that unfortunately, the developed nations of the world are taking the jobs of humans with robots while we are wasting valuable human resources on a large scale.

He urged all special people to make full use of the fruits of new technology. Do not be limited to outdated traditional concepts because you are not disabled, but nature has blessed you with different abilities compared to ordinary people. Undoubtedly, innovative solutions can be found from your unique perspective in this ever-changing world. Governor Mandokhel said that it is the responsibility of the government to create a society that values diversity and provides equal facilities and equal opportunities to every man and woman to reach their full potential.

In contrast, Mandokhel acknowledged that Pakistan has failed to make its disabled people useful members of society. He stressed the importance of implementing the quota allocated for the disabled in government jobs, ensuring that no one is left behind. The governor encouraged special individuals to leverage new technology and think beyond traditional concepts, recognizing that their unique perspectives can lead to innovative solutions.

Century Express Quetta

## اسپیشل افراد نئی ٹیکنالوجی سے استفادہ کریں، گورنر

[illegible]

کو بڑھانے کیلئے استعمال کر رہے ہیں اور وہ اپنے جسمانی طور پر معذور افراد کو با اختیار بنا کر فلاسفرز اور سائنسدان بنانے میں کامیاب ہو چکے ہیں لیکن اسکے برعکس ہم اپنے معذور افراد کو محض معاشرے کے کارآمد شہری بنانے میں اب تک ناکام رہے ہیں۔ وقت آن پہنچا ہے کہ ہم اپنے قومی اہداف اور اپنی ترجیحات کا ازسرنو جائزہ لیں اور موجودہ حکومت سرکاری ملازمتوں میں معذور افراد کیلئے مختص کوٹہ پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائے تاکہ ہمارے معاشرے کا کوئی بھی فرد پیچھے نہ رہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مقامی روزنامہ کے چیف ایڈیٹر خلیل الرحمان اور نیوز چینل کے بیورو چیف رضاء الرحمان کی قیادت میں "آل اسپیشل پرسنز ویلفیئر سوسائٹی بلوچستان" وفد سے گزشتہ روز گورنر ہاؤس میں ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے تمام اسپیشل افراد پر زور دیا کہ وہ نئی ٹیکنالوجی کے ثمرات سے بھرپور استفادہ کریں۔ فرسودہ روایتی تصورات تک محدود نہ رہیں کیونکہ آپ معذور نہیں ہیں بلکہ قدرت نے آپ کو عام لوگوں کے مقابلے مختلف صلاحیتوں سے نوازا ہے۔ بلاشبہ اس بدلتی ہوئی دنیا میں آپ کے منفرد نقطہ نظر سے اختراعی حل تلاش کیے جا سکتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایک ایسا معاشرہ تشکیل دے جو تنوع کی قدر کرتا ہو اور ہر مرد اور عورت کو ان کی مکمل صلاحیتوں تک پہنچنے کیلئے یکساں سہولیات اور مساوی مواقع فراہم کرتا ہو۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

جلد 53 | اتوار 24 شعبان المعظم 1446ھ 23 فروری 2025ء صفحات 24 | شمارہ 238

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

## وزیر اعلیٰ کا پیر کوہ میں حادثے پر افسوس کا اظہار

### زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں، حکام کو ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پیرکوہ سے ڈیرہ بگٹی جاتے ہوئے گاڑی حادثے میں قیمتی جان کے ضیاع اور متعدد افراد کے زخمی ہونے......

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے جاں بحق شخص کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے انہوں نے حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحت یابی کی دعا کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔

روزنامہ
ایکسپریس
سینچری
کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 73 | اتوار، 24 شعبان المعظم، 23 فروری 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

## وزیر اعلیٰ کا ڈیرہ بگٹی حادثے پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پیرکوہ سے ڈیرہ بگٹی جاتے ہوئے گاڑی حادثے میں قیمتی جان کے ضیاع اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے جاں بحق شخص کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے انہوں نے حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحت یابی کی دعا کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY INTEKHAB (HUB)
روزنامہ انتخاب
رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-3
قیمت 40 روپے
صفحات 8
www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518
جلد نمبر 37 | بروز ہفتہ 22 فروری 2025ء بمطابق 23 شعبان المعظم 1446ھ | شمارہ نمبر 53

# صدر زرداری اور بلاول بھٹو کا بلوچستان کیلئے وژن گیم چینجر ہے

میر سرفراز بگٹی

## ہم چیئرمین کے منشور کے تحت بلوچستان کے عوام کی خدمت کیلئے پرعزم ہیں، وزیر اعلیٰ کی فریال تالپور اور منور تالپور سے ملاقات


## دہشت گردوں کی مذموم کارروائیاں ہمارے حوصلے پست نہیں کرسکتیں، شعبان میں پولیس چیک پوسٹ پر حملے کی مذمت

کراچی (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور پاکستان پیپلز پارٹی شعبہ خواتین کی مرکزی صدر و رکن سندھ اسمبلی فریال تالپور کی زرداری ہاؤس کراچی میں اہم ملاقات ہوئی جس میں بلوچستان کی سیاسی صورتحال اور ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر سینئر رہنما اور رکن بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر

کوئٹہ (ح ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ کے نواحی علاقے شعبان میں پولیس چیک پوسٹ پر فائرنگ کے بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر

واقعے کی شدید مذمت کی ہے اپنے بیان میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس حملے کو ایک بزدلانہ کارروائی قرار دیتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کی ایسی مذموم کارروائیاں ہمارے حوصلے پست نہیں کرسکتیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہمارے دو بہادر پولیس اہلکاروں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر دہشت گردی کا ایک بڑا منصوبہ ناکام بنا دیا ان کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی اور ہم ان ہیروز کے مقروض ہیں جن کی قربانیوں کی بدولت ہمارا وطن محفوظ ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان حکومت اور عوام شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کے بلند درجات کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس حوالے سے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر بھی اپنا پیغام جاری کیا جس میں انہوں نے شہداء کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان میں امن و امان کے قیام کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔

قومی اسمبلی میر منور علی تالپور بھی موجود تھے ملاقات کے بعد وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس) سابقہ ٹوئٹر (پر اپنے پیغام میں کہا کہ انہوں نے زرداری ہاؤس میں فریال تالپور اور اپنے والد کے دیرینہ دوست میر منور علی تالپور سے ملاقات کی جس میں بلوچستان کی ترقی اور سیاسی صورتحال پر گفتگو ہوئی انہوں نے صدر مملکت آصف علی زرداری کے بلوچستان کے لیے وژن کو گیم چینجر قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہم چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے منشور کے تحت بلوچستان کے عوام کی خدمت کے لیے پرعزم ہیں پیپلز پارٹی کی مرکزی رہنما محترمہ فریال تالپور نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صدر آصف علی زرداری اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں قوم درپیش چیلنجز پر قابو پانے میں جلد کامیاب ہوگی انہوں نے کہا کہ آصف علی زرداری نے اپنے سابقہ دور صدارت میں "آغاز حقوق بلوچستان" اور سی پیک جیسے انقلابی منصوبے متعارف کرائے جو صوبے کی ترقی میں سنگ میل ثابت ہوئے اور ہمیں امید ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں پارٹی وژن کے مطابق صوبے کی ترقی اور عوام کی بہبود کے لئے اقدامات کا تسلسل جاری رکھے گی۔



کراچی: صدر زرداری اور وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما شاہ کمیل الور سیال سے تعزیت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1                                        Page No. 3

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

BC-J-1 فون 2841993-2842016-2841078

جلد 54 — اتوار 24 رشعبان المعظم 1446ھ 23 رفروری 2025ء — نمبر 54

## پیرکوہ کے قریب ٹریفک حادثے پر وزیر اعلیٰ کا اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پیرکوہ سے ڈیرہ بگٹی جاتے ہوئے گاڑی حادثے میں قیمتی جان کے ضیاع اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے جاں بحق شخص کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے انہوں نے حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحت یابی کی دعا کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Tribune Express Karachi

Bullet No. 1

Dated: 22 FEB 2025

Page No. 7

## Crackdown on wall chalking ordered

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has directed to administrative officers to take action against wall chalking with the aim to improve beautification of the city. He said this during the inauguration ceremony of Inscombe Road Expansion Project and Modern Traffic Policing. CM said that the law is equal for everyone, Quetta city is our home and the face of the entire province for whose beauty every individual has to play his role. "Wall chalking spoils the beauty of the city, so whoever is involved in wall chalking should be taken without discrimination." He also congratulated the project director and his entire team on the completion of the Inscombe Road Expansion Project and said that development projects are very important for public welfare. APP

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 23 FEB 2025 Page No. 8

## بلوچستان میں 12ویں جماعت تک قرآن پاک کی لازمی تعلیم کیلئے اقدامات کا آغاز

**فیصلہ بلوچستان کابینہ میں ہوا تھا، تمام سرکاری اور نجی اسکولوں میں قرآن کی تعلیم نصاب کا حصہ ہوگا، صوبائی وزیر تعلیم**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے بلوچستان میں بارہویں جماعت تک قرآن پاک کی لازمی تعلیم کے لیے عملی اقدامات شروع کر دیئے گئے ہیں قرآن پاک کی لازمی تعلیم کا فیصلہ بلوچستان کابینہ میں ہوا تھا کابینہ کے فیصلے کے تحت صوبے بھر کے تمام سرکاری اور نجی اسکولوں میں قرآن کی تعلیم نصاب کا حصہ ہوگا۔ یہ بات صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے نجی چینل سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا ہے کہ تمام نجی و سرکاری سکولوں اور کالجوں میں دینی تعلیم کیلئے الگ سے ایک کلاس ہوگی اس اقدام کا مقصد طلبہ میں دینی اقدار کو فروغ دینا اور اسلامی تعلیمات سے روشناس کرانا ہے راحیلہ حمید خان درانی نے کہا ہے کہ پہلے مرحلے میں جماعت اول سے پانچویں تک ناظرہ قرآن کی تعلیم دی جائے گی چھٹی سے بارہویں جماعت تک قرآن پاک ترجمہ اور تفسیر کے ساتھ پڑھائی جائے گی انہوں نے کہا ہے کہ اسکولوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اس فیصلے پر فوری عمل درآمد کریں۔

MASHRIQ QUETTA

## سول ہسپتال عوام کو بہترین طبی سہولیات فراہم کر رہا ہے، بخت محمد کاکڑ

**وزیراعلیٰ بلوچستان کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کیلئے محنت کا سلسلہ جاری ہے**

**ٹراما سینٹر، آئی سی یو مختلف وارڈز کے دورہ کے موقع پر مریضوں سے، وزیر صحت کی گفتگو**

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ سول ہسپتال کوئٹہ شہر و اندرون بلوچستان عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے ہسپتال کے مختلف شعبوں کی فعالیت خوش آئند، محکمہ صحت کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی جائیگی، بلوچستان کے شہری تک بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو سول ہسپتال کوئٹہ کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس ......... 

بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر ہادی کاکڑ و دیگر بھی موجود تھے۔ وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے سول ہسپتال ٹراما سینٹر، آئی سی یو سمیت مختلف وارڈز کا دورہ کیا اور وہاں موجود مریضوں کے ساتھ آنے والے رشتہ داروں سے بات چیت کی۔ بخت محمد کاکڑ نے ہسپتال میں سہولیات کی فراہمی سے متعلق دریافت کیا۔ انہوں نے بہترین طبی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سول ہسپتال نہ صرف کوئٹہ بلکہ بلوچستان کے مختلف اضلاع سے آنے والے مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے کوئٹہ شہر کی بڑی آبادی کا بوجھ سول ہسپتال پر ہے البتہ ایم ایس سول ہسپتال کو ہر ممکن تعاون کی فراہمی یقینی بنایا جائے گا

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 23 FEB 2025 Page No. 9

# آئی جی ایف سی نارتھ کا دورہ کوہلو، سیکورٹی صورتحال کا جائزہ، قبائلی عمائدین سے ملاقاتیں

میجر جنرل عابد مظہر کو امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ، علاقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر بھی تبادلہ خیال

[illegible] ترقیاتی منصوبوں [illegible] اور مقامی قیادت کے درمیان رابطے مزید مضبوط کیے جائیں گے [illegible] قبائلی عمائدین سے [illegible]

کوہلو ( نمائندہ مشرق ) انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور ( نارتھ ) میجر جنرل عابد مظہر نے کوہلو کا ایک روزہ دورہ کیا جہاں انہوں نے سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا، قبائلی عمائدین ........ بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

سے ملاقات میں یتیم اور معذور افراد میں راشن تقسیم کیا آئی جی ایف سی نے امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ لی اور علاقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر بھی تبادلہ خیال کیا ملاقات میں قبائلی عمائدین نے علاقے میں امن و ترقی کے حوالے سے اپنے خیالات اور درپیش چیلنجز سے آئی جی ایف سی کو آگاہ کیا اس موقع پر آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عابد مظہر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیکورٹی فورسز عوام کی فلاح و بہبود اور علاقے میں امن کے قیام کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہیں، علاقے میں قیام امن، ترقیاتی منصوبوں اور عوامی مسائل کے حل کیلئے فورسز اور مقامی قیادت کے درمیان رابطے مزید مضبوط کئے جائیں گے قبائلی عمائدین نے سکیورٹی فورسز کی خدمات کو سراہتے ہوئے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی یہ دورہ مقامی سطح پر نہ صرف علاقے میں ترقی و امن کے عزم کی تجدید بلکہ قبائلی عمائدین اور سکیورٹی فورسز کے درمیان اعتماد سازی کے عمل کو بھی مزید مستحکم کرنے میں اہم ثابت ہوگا۔

# گوادر پولیس میں رپورٹ نہ کرنیوالے لیویز اہلکاروں کو وارننگ جاری

فوری طور پر پولیس میں شمولیت اختیار کریں ورنہ برطرف کیا جائیگا، ڈی سی گوادر

گوادر ( خ ن ) ڈپٹی کمشنر حمود الرحمن نے لیویز فورس کے 381 اہلکاروں کو آخری وارننگ جاری کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ اہلکار ہوم ڈیپارٹمنٹ اور ڈائریکٹر جنرل لیویز کے فیصلے کے مطابق فوری طور پر پولیس میں شمولیت اختیار کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ وہ تمام اہلکار جنہوں نے تا حال پولیس میں رپورٹ نہیں کی ہے، ان کی برطرفی حتمی ہے۔ تاہم، انہیں آخری موقع دیتے ہوئے ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اتوار کی شام تک اپنی جوائننگ مکمل کریں ......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

، بصورت دیگر ان کی ملازمت ختم کر دی جائے گی اور ماہ فروری کی تنخواہ بھی روک لی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے سختی سے تاکید کی کہ یہ آخری نوٹس ہے اور اس پر ہر صورت عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔

# وزیراعلیٰ کی ہدایت پر آشیانہ ہاؤسنگ اسکیم کے متاثرین کو پلاٹ حوالے کر دیئے گئے

8 ماہ کے دوران 47 اجلاسوں کے بعد اسکیم کے تنازعے کو حل کیا، 250 سے زائد متاثرین کو متبادل پلاٹس فراہم کر دیئے

پلاٹس کی باقی ماندہ اقساط کی ادائیگی پر محکمہ ریونیو کے ذریعے اراضی کی ٹرانسفر و دیگر قانونی امور نمٹائے جائیں گے، ڈی سی کوئٹہ

کوئٹہ ( خ ن ) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر برسوں سے انصاف کے متلاشی آشیانہ ہاؤسنگ اسکیم کے متاثرین کو پلاٹ حوالے کر دیئے گئے، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سعد بن اسد کے مطابق 8 ماہ کے دوران 47 اجلاسوں کے بعد اس اسکیم کے تنازعے کو حل کر لیا گیا اور ہفتہ 22 فروری 2025 کو ایک باضابطہ تقریب میں 250 سے زائد متاثرہ افراد کو ان کے متبادل پلاٹس فراہم کر دیئے گئے تفصیلات کے مطابق 2017 میں آشیانہ بلڈرز نے قسطوں پر سستی رہائش فراہم کرنے کے نام پر صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں آشیانہ ہاؤسنگ اسکیم متعارف کرائی تھی جس میں سیکڑوں شہریوں نے اپنی زندگی بھر کی جمع پونجی لگا دی تاہم وقت گزرنے کے ساتھ یہ منصوبہ ایک سنگین فراڈ کے طور پر سامنے آیا اور متاثرہ خریداروں کو نہ تو پلاٹس دیئے گئے اور نہ ہی ان کی رقم واپس کی گئی انصاف کے لیے متاثرین کی مسلسل جدوجہد کے باوجود کوئی پیشرفت نہیں ہو رہی تھی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس معاملے کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کو ہدایت دی کہ وہ فوری اقدامات کر کے متاثرین کو ان کا حق دلائیں جس پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے ایک خصوصی ٹیم تشکیل دی اور اس کی سربراہی اسسٹنٹ کمشنر صدر کو سونپ دی نے ٹیم معاملے کی جامع تحقیقات کیں اور بلڈرز کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا عندیہ دیا جس کے نتیجے میں بلڈرز نے متاثرین کو متبادل زمین فراہم کرنے کی حامی بھری حکومت بلوچستان کی اس مؤثر کارروائی کے بعد ہفتہ 22 فروری کو ایک باضابطہ تقریب میں 250 سے زائد متاثرہ افراد کو ان کے قانونی حق کے مطابق متبادل پلاٹس دے دیئے گئے، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے مطابق پلاٹس کی باقی ماندہ اقساط کی ادائیگی پر محکمہ ریونیو اس اراضی کی ٹرانسفر و دیگر قانونی امور نمٹائے جائیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 23 FEB 2025

Page No. 12


## بیلہ: تھانے میں کم سن طالب علم پر تشدد، آواز اٹھانے والا باپ بھی ''اندر''

**بعدازاں ایک لاکھ روپے کے ذاتی تحریری مچلکے پر رہائی ملی، عوامی حلقوں کا اظہار تشویش**

بیلہ (نامہ نگار) پولیس تھانہ بیلہ میں سنگین مقدمے میں گرفتار کم سن طالب علم کو باپ کے سامنے غیر قانونی تشدد کا نشانہ بنانے پر ان سے رہا نہ کیا گیا اور اس ناانصافی کے خلاف آواز بلند کی تو والد کو بھی ہتھکڑیاں لگا کر لاک اپ کر دیا گیا، بعدازاں ملزم کے والد کو ایک لاکھ روپے کے ذاتی تحریری مچلکے پر رہائی ملی واقعے پر عوامی حلقوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کی فوری اور مکمل تحقیقات کرتے ہوئے ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے

## بختیار آباد: ڈاکو لیویز اہلکاروں کے سامنے مسافروں کو لوٹ کر فرار

**مدد کیلئے پکارتے رہے کوئی اہلکار نہیں آیا، وزیر اعلیٰ صورتحال کا نوٹس لیں، مسافر**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) بختیار آباد قومی شاہراہ پر ڈاکوؤں نے چیمن لگا کر کوئٹہ اور سندھ سے آنے و جانے والے مسافروں کو لوٹ لیا مسافروں کے مطابق ڈاکو لیویز چوکی کے سامنے مسافروں سے نقدی، قیمتی موبائل اور دیگر سامان چھینتے رہے لوگوں نے لیویز اہلکاروں کو آوازیں بھی دیں مگر کوئی لیویز اہلکار مدد کیلئے نہیں آیا ڈاکو واردات کے بعد آسانی کے ساتھ فرار ہو گئے مسافروں نے وزیر اعلیٰ اور ڈی جی لیویز سے مطالبہ کیا کہ وہ ڈاکو اور لیویز اہلکاروں کی ملی بھگت کا نوٹس لیں۔

## تربت: دکان میں فائرنگ سے دو افراد جاں بحق

تربت (نامہ نگار) تربت کے کاروباری مرکز اسٹار پلس مارکیٹ میں فائرنگ سے دو افراد جاں بحق ہو گئے تفصیلات کے مطابق موٹر سائیکل پر سوار نامعلوم افراد نے اسٹار پلس مارکیٹ میں کشیدہ کاری کی دکان میں گھس کر اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی جس کے نتیجے میں کام میں مصروف دو افراد نجیب اللہ ولد دولا ور سکنہ خضدار اور عدنان ولد طیب سکنہ بلیدہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ واقعہ کے بعد ملزمان فرار ہو گئے۔

## پنجگور، فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور کے علاقے تسپ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے گرمکان کا رہائشی محمد رفیق نامی شخص جاں بحق ہو گیا۔

## تربت: فائرنگ سے ایک شخص زخمی

تربت (نامہ نگار) پیچ کورندی کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے صدیق نور سکنہ علی آباد زخمی ہو گیا۔

## رشتے کے تنازع پر ایک شخص ہلاک

قلعہ سیف اللہ (آئی این پی) بندات یاسین زئی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے برنائی کا رہائشی سید نواز شاہ جاں بحق ہو گیا ذرائع کے مطابق قتل کی وجہ رشتے کا تنازع بتائی جا رہی ہے۔

## باغ ہیڈ سے لاش برآمد

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) اوستہ محمد کے علاقے پولیس تھانہ باغ ہیڈ کی حدود سے پولیس کو دوران گشت لاش ملی لاکو ضروری کارروائی کے بعد مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

MASHRIQ QUETTA

## ڈیرہ مراد جمالی، جعفر آباد اور اوستہ محمد میں ڈاکو راج برقرار

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی، جعفر آباد اور اوستہ محمد میں ڈاکوؤں کا راج برقرار چار موٹر سائیکل تین ٹرانسفارمرز چوری جبکہ دکان کی چھت توڑ کر لاکھوں روپے نقدی و دیگر سامان چوری کر کے فرار ہو گئے عوام میں سخت خوف و ہراس پھیل گیا پولیس .......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

کے مطابق منجھو شوری پولیس تھانے کی حدود گوٹھ مظفر علی میں نامعلوم مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر برکت علی ابڑو سے موٹر سائیکل چھین لی گئی جبکہ ڈیرہ مراد جمالی میں شادی کی دعوت ولیمہ کھانے کے لیے آنے والے نگینی خان پنرانی اور سید نعیم شاہ کی نامعلوم چابی چوروں نے دونوں کی موٹر سائیکلیں چوری کر کے فرار ہو گئے صدر پولیس تھانے کی حدود میر حسن کے ایریاز میں گن پوائنٹ پر ایاز نامی شخص سے موٹر سائیکل چھین لی گئی ڈیرہ مراد جمالی میں گزشتہ شب پسند خان محلہ میں چور ٹرانسفارمر چوری کر کے فرار ہو گئے

## حب پولیس نے مغوی لڑکی کو بازیاب کرالیا، 5 ملزمان گرفتار

**گڈانی میں نان کسٹم پیڈ گاڑی ضبط، ملزم گرفتار، ایک مسروقہ موٹر سائیکل برآمد، 2 ملزمان زیر حراست**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) حب پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے مغوی لڑکی کو بازیاب کرا کر موبائل چور گروہ سمیت مختلف جرائم میں ملوث 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی حب پولیس سید فاضل شاہ بخاری کی خصوصی ہدایت پر حب پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے مغوی لڑکی کو بازیاب کرا کر ملزم کو گرفتار کر لیا دوسری کارروائی میں گڈانی کے علاقے نان کسٹم پیڈ گاڑی قبضے میں لیکر ایک شخص کو گرفتار کر لیا ایک اور کارروائی میں مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا جبکہ ایک اور کارروائی میں موبائل چوروں کے گروہ کو گرفتار کر کے مسروقہ موبائل برآمد کر لئے پولیس کی جانب سے جرائم پر قابو پانے کے لئے کالے شیشے اور فینسی نمبر پلیٹ والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی شروع کر دی گئی جو تواتر کے ساتھ جاری رہے گی۔ جرائم پر قابو پانے کے لئے کالے شیشوں اور فینسی نمبر پلیٹ والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی شروع کر دی گئی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 23 FEB 2025

Page No. 13


## رمضان سے قبل بیسن کی قیمت میں 100 فیصد اضافہ انتظامیہ خاموش عوام پریشان
### بے لگام تاجر

**خوردنی تیل، چینی، چھوٹے بڑے اور مرغی گوشت کی قیمتوں میں بھی بے پناہ اضافہ، عوام ماہ رمضان سے قبل ہی سرگرداں نظر آنے لگے**

**حکومت مصنوعی مہنگائی کرنے والوں کے خلاف کارروائی اور ماہ رمضان میں روزہ داروں کو سستے داموں اشیاء خوردونوش کی فراہمی یقینی بنائے، عوامی حلقوں کی اپیل**

کوئٹہ (یو این اے) ماہ رمضان سے قبل تاجروں نے اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں اضافہ کرکے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا حکومت مصنوعی مہنگائی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرے تاکہ ماہ رمضان میں روزہ داروں کو اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں اضافے کی بجائے سستے داموں فراہمی یقینی بنائیں بیسن 200 روپے سے 450 روپے فی کلو بڑھ گیا اسی طرح خوردنی تیل چینی گوشت......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

اور مرغی کی قیمتوں میں بھی بے پناہ اضافہ ہوا ہے جس کی وجہ سے عام شہری ماہ رمضان سے قبل پریشان وسرگرداں ہیں کیونکہ حکومت نے عوام کو ماہ رمضان میں عوام کو ریلیف دینے کا وعدہ کیا ہے لیکن تاجر برادری نے من پسند ریٹ لگا کر عوام کی پریشانیوں میں اضافہ کر دیا ضلعی انتظامیہ اور کمشنر کوئٹہ کو چاہئے کہ وہ مصنوعی مہنگائی کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرے تاکہ ماہ رمضان میں عوام کو سستے نرخوں پر اشیاء خوردونوش کی فراہمی ممکن ہو حالانکہ پوری دنیا میں ماہ رمضان میں روزہ داروں کو نصف قیمت پر اشیاء خوردونوش فروخت کرتے ہیں تاکہ تمام لوگ ماہ رمضان کے روزے بہتر طور پر گزار سکیں لیکن کوئٹہ واحد شہر ہے جہاں قیمتیں کم ہونے کی بجائے اس میں روزانہ کی بنیادوں پر مزید اضافہ کیا جا رہا ہے تاکہ عوام دو وقت کی روٹی کو بھی ترس جائیں۔

---

INTEKHAB QUETTA

## مافیا بے لگام مختلف علاقوں میں چینی 165 روپے کلو تک جا پہنچی

**راولپنڈی، لاڑکانہ، کراچی میں فی کلو چینی 160، لاہور، ملتان اور کوئٹہ میں بھی چینی 155 روپے فی کلو تک**

**خضدار میں 158، بنوں میں چینی کی فی کلو قیمت بھی 155 روپے تک پہنچ گئی، حیدرآباد اور سکھر میں چینی 150 روپے فی کلو میں دستیاب ہے**

اسلام آباد (آن لائن) حکومت چینی کی قیمتوں کو کنٹرول میں ناکام، مافیا پیسے کمانے لگا چینی مزید مہنگی ہوگئی، مختلف شہروں میں قیمت 165 روپے فی کلو تک جا پہنچی، کئی شہروں میں چینی فی کلو 160 سے 165 روپے میں فروخت ہونے لگی۔ مختلف شہروں میں چینی کی قیمتوں سے متعلق تازہ اعداد و شمار جاری کر دیئے گئے ہیں۔ اسلام آباد، پشاور کے شہری سب سے زیادہ مہنگی چینی خریدنے پر مجبور ہوگئے۔ ادارہ شماریات کے مطابق دونوں شہروں میں بقیہ نمبر 60 صفحہ 5 پر

فی کلو چینی کی قیمت 165 روپے تک ریکارڈ کی گئی۔ ملک کے دیگر شہروں میں فی کلو چینی کی قیمت 160 روپے تک ریکارڈ کی گئی ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق راولپنڈی، لاڑکانہ، کراچی میں فی کلو چینی 160 روپے میں دستیاب ہے، لاہور، ملتان اور کوئٹہ میں بھی چینی 155 روپے فی کلو تک سیالکوٹ میں 158 روپے فیصل آباد میں فی کلو چینی 155 روپے میں دستیاب ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق خضدار میں 158، بنوں میں چینی کی فی کلو قیمت بھی 155 روپے تک پہنچ گئی، حیدرآباد اور سکھر میں چینی 150 روپے فی کلو میں دستیاب ہے، ملک میں چینی کی اوسط قیمت 155 روپے 27 پیسے فی کلو تک ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 23 FEB 2025 Page No. 14

# Curbing artificial inflation

The holy month of Ramadan, a time of reflection, generosity, and spiritual renewal, is just around the corner. However, instead of excitement a familiar unease grips the people. The monster of artificial inflation has once again reared its ugly face. The prices of essential commodities, from staples like flour and sugar to cooking oil, meat, and vegetables, have already begun their predictable climb. This distressing trend demands immediate and decisive action from the Balochistan government.

The timing of this price surge is particularly troubling. The increased demand for food items during Ramadan makes it a prime opportunity for unscrupulous traders to manipulate the market, driving up prices and exploiting the vulnerability of consumers. This artificial inflation, often fueled by hoarding and price gouging, places an unbearable burden on ordinary citizens, especially those already struggling to make ends meet. For low-income families, the escalating cost of essential goods can severely restrict access to nutritious food, undermining their ability to observe the fast and fully participate in the spiritual significance of Ramadan.

It is the responsibility of the Balochistan government to protect its citizens from such exploitative practices. Preemptive measures are crucial to combat artificial inflation before it spirals out of control. A robust strategy must include strict monitoring of market activity, regular inspections of warehouses and storage facilities to prevent hoarding, and swift and decisive action against those found guilty of manipulating prices. The establishment and strict enforcement of official price lists across the province are essential to provide consumers with clear guidelines and prevent arbitrary price hikes. Furthermore, mechanisms for reporting violations and lodging complaints must be readily accessible to the public.

The heart of the problem lies in the all-too-common practice of traders hoarding essential food items in anticipation of increased demand. This artificial scarcity creates a false impression of shortage, allowing them to dictate prices at will. This cycle of hoarding, scarcity, and inflated prices is a recurring nightmare for consumers, particularly during festive and religious occasions. The government must demonstrate a firm commitment to breaking this cycle by cracking down on hoarding and ensuring a consistent and uninterrupted supply of essential goods. The government should also consider proactive solutions to alleviate the burden on consumers. The establishment of subsidized markets, not just in Quetta but across all districts, is a crucial step. These markets should offer essential food items at affordable prices. It is imperative that the Chief Secretary and other relevant authorities take concrete and visible steps to ensure the smooth and affordable supply of essential edibles throughout the holy month.

CLIPPING SERVICE P-1

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6 Dated: 23 FEB 2025 Page No. 15

# Why Balochistan needs an Agricultural Tax

Agriculture is the backbone of Balochistan's economy, contributing significantly to the livelihoods of its rural population. However, the sector remains largely untaxed, depriving the provincial government of a critical source of revenue. This lack of taxation is not unique to Balochistan; it is a nationwide issue rooted in historical and political compromises. However, the consequences are particularly severe in Balochistan, where the absence of revenue exacerbates the province's developmental challenges. An agricultural tax, if implemented fairly and transparently, could provide the financial resources needed to address these pressing issues. Introducing an agricultural tax in Balochistan is not just a fiscal necessity but a moral imperative to ensure equitable development and sustainable growth. Agricultural tax would promote equity and social justice. Currently, large landowners benefit disproportionately from the province's agricultural resources without contributing their fair share to the public exchequer. This inequity perpetuates a system where the wealthy elite enjoy the fruits of the land while the majority of small farmers and rural laborers struggle to make ends meet. By taxing agricultural income, the government can ensure that those who benefit the most from the land also contribute to the development of the province. This would help bridge the gap between the privileged few and the marginalized many, fostering a more inclusive society.

Critics of agricultural taxation often argue that it would burden small farmers who are already struggling with low incomes and high production costs. While this concern is valid, it can be addressed through a progressive tax structure that exempts smallholders and targets larger, more profitable farms. By setting reasonable thresholds and offering exemptions for subsistence farmers, the government can ensure that the tax is equitable and does not exacerbate poverty. Additionally, the revenue generated from the tax could be reinvested in the agricultural sector itself, providing farmers with subsidies, access to modern technology, and training in sustainable farming practices. Another significant benefit of an agricultural tax is its potential to encourage more efficient land use. In Balochistan, vast tracts of arable land remain underutilized or lie fallow due to outdated farming practices and a lack of incentives for productivity. Taxing agricultural income could incentivize landowners to maximize the productivity of their land, leading to increased agricultural output and food security. This would not only benefit the

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 23 FEB 2025

Page No. 16

province but also contribute to Pakistan's broader goal of achieving self-sufficiency in food production. One of the most compelling arguments for an agricultural tax is its potential to generate revenue for public services and infrastructure development. Balochistan's infrastructure deficit is staggering. Roads, schools, hospitals, and clean drinking water systems are either inadequate or nonexistent in many parts of the province. The revenue from an agricultural tax could be channeled into building and maintaining these essential services, improving the quality of life for millions of residents. For instance, better roads would facilitate the transportation of agricultural produce to markets, boosting farmers' incomes and stimulating economic activity.

Introduction of an agricultural tax would strengthen Balochistan's fiscal autonomy. The province currently relies heavily on federal transfers and external aid, which are often insufficient and subject to political uncertainties. By generating its own revenue, Balochistan would be better positioned to fund its development priorities independently, reducing its dependence on external sources. This fiscal independence is crucial for the province's long-term stability and prosperity. Implementation of an agricultural tax in Balochistan is a necessary step toward addressing the province's developmental challenges and ensuring a more equitable distribution of resources. While the idea may face resistance from vested interests, the potential benefits far outweigh the costs. With a well-designed and transparent tax system, Balochistan can unlock the resources needed to build a brighter future for its people. The time has come for the province to harness its agricultural potential not just for the benefit of a few, but for the collective good of all its residents.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 23 FEB 2025

Page No. 17

# ”میں بلوچستان ہوں! پاکستان میری پہچان“



افکارِ زاہدی

نسیم الحق زاہدی

پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے خوبصورت ترین خطے عطا کیے جن کا ثانی ساری دنیا میں نہیں ملتا۔ یہ حسین وادیوں، برف پوش پہاڑوں، شور مچاتے دریاؤں، گیت گاتے چشموں، خوبصورت صحراؤں، دھنک رنگ آبشاروں اور روشن تہذیب وتمدن کی سرزمین ہے۔ جس کو صحابہ کرامؓ، اولیائے اللہ سے لیکر محمد بن قاسمؒ جیسے عظیم فاتح اسلام کی قدم بوسی کا شرف حاصل ہے۔ یوں تو پاکستان کا گوشہ گوشہ دھنک رنگوں سے مزین ہے لیکن صوبہ بلوچستان پاکستان کا واحد صوبہ ہے جہاں قدرتی نظارے اور فطرت کے تمام رنگ اپنی پوری آب وتاب کے ساتھ جلوہ گر ہیں۔ صوبے کے ایک جانب اگر صاف نیلگوں پانی کے بحیرہ عرب میں گوادر جیسی بندرگاہ موجود ہے تو دوسری طرف ضلع ژوب میں دنیا کا دوسرا سب سے بڑا چلغوزے کا جنگل آپ کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔ ایک جانب اگر بی جیسا گرم خطہ ہے تو کچھ ہی گھنٹوں کی مسافت پر پاکستان کا سب سے پرفضا مقام زیارت آپ کو اپنے سحر میں جکڑ لیتا ہے، صنوبر کے قدیم درخت اپنی مثال آپ ہیں۔ ایک جانب ہنگول نیشنل پارک جو کہ پاکستان کا سب سے بڑا پارک ہے، تو دوسری طرف ہزاروں سال پرانی تہذیب وتمدن کے آثار مہر گڑھ میں موجود ہیں جو بلوچستان کی عظمت رفتہ کی یاد تازہ کرتی ہے۔ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔ اس کی سرحدیں افغانستان اور ایران سے ملتی ہیں۔ قدرت کا یہ حسین شاہکار سونا، کوئلہ، تانبا، کرومائیٹ اور جپسم کے علاوہ دیگر معدنیات کی پیداوار کا مرکز ہے۔ سرزمین بلوچستان میں ہر مکتبہ فکر کے لوگ آباد ہیں اور یہاں کے باسی صدیوں پرانی روایات پر آج بھی قائم ودائم ہیں، یہ غیور، جفاکش، مہمان نواز لوگوں کی سرزمین ہے۔ جغرافیائی حوالے سے یہ خطہ منفرد حیثیت کا حامل ہے۔ قدیم دور میں فاتحین کے لیے یہاں کے درے بھی رہنمائی کی علامت سمجھے جاتے تھے کیونکہ کسی بھی علاقے میں داخل ہونے کے لیے ہموار راستے کی ضرورت پڑتی ہے، اس زمانے میں باقاعدہ سڑکیں نہیں تھیں البتہ گھوڑوں پر سفر کر کے ایک علاقے سے دوسرے علاقے کا رخ کیا جاتا تھا۔ اس پس منظر میں بلوچستان کا درہ بولان، درہ مولا اور ژوب ایک تاریخی حیثیت رکھتے ہیں۔ یہاں کچھی اور لسبیلہ کے دو بڑے میدانی علاقوں سمیت دنیا کے بڑے صحراؤں میں شامل ”صحرائے مکران“ بھی موجود ہے۔ سیاحتی حوالے سے بلوچستان ایک جاندار خطہ ہے۔ کوئٹہ سے چند کلو میٹر کے فاصلے پر بلوچستان کا ایک خوبصورت سیاحتی مقام ”ہربوئی“ واقع ہے۔ ہربوئی میں علم وحکمت کی دنیا کے حوالے سے سیکڑوں قسم کی جڑی بوٹیاں پائی جاتی ہیں جن سے یہاں کے مقامی لوگ اپنے روایتی طریقے سے نزلہ وزکام، بخار سے لے کر شوگر جیسی موذی بیماریوں علاج کرتے ہیں۔ ژوب بلوچستان کے شمال مشرق میں واقع ایک تاریخی شہر ہے، یہاں پر ایک مشہور تفریحی مقام ”شین غر“ واقع ہے۔ یہ وادی پستہ، اخروٹ اور چلغوزے کے جنگلات میں گھری ہوئی ہے۔ یہاں ”کوہ سلیمان“ بھی ژوب سے شروع ہو کر صوبے کے اکثر علاقوں میں پھیلا ہوا ہے۔ 11440 فٹ بلند مشہور چوٹی ”تخت سلیمان“ بھی یہاں موجود ہے۔ اس صوبے کے تین اضلاع خضدار، قلات اور آواران پورے ملک کے لیے اہمیت کے حامل اور تاریخی اعتبار سے منفرد مقام رکھتے ہیں۔ ان اضلاع میں سکونت پذیر لوگ محل وقوع، قدرتی ومعدنی وسائل، قدیم ثقافتی طرز عمل کی وجہ سے ہمیشہ سے توجہ کا مرکز رہے۔ یہاں کی قدرتی جھیل، فلک بوس وسنگلاخ پہاڑ جہاں خوبصورت ہیں وہیں معدنی وسائل سے بھی لبریز ہیں۔ خوبصورت وادیوں کا نظارہ، دلکش ودلفریب سیاحتی مقامات، کھائیاں، غار، درے اور صاف پانی کی بہتی آبشاریں یہاں کی خوبصورتی کو پوری دنیا میں اعلیٰ وارفع بنا دیتی ہیں۔ یہاں کا سیاحتی مقام زیارت اس اعتبار سے بھی بہت زیادہ اہمیت کا حامل ہے کہ یہ جگہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ کو بہت زیادہ پسند تھی جس کا ثبوت آپ نے اپنی زندگی کے آخری ایام اسی شہر زیارت میں گزارے تھے۔ قدرتی آبشاروں اور سرسبز باغات و پرفضا ہوا کے باعث یہ وادی کسی دنیاوی جنت سے کم نہیں۔ 1899 کو یہاں قومی یادگار قائداعظم ریذیڈنسی کا قیام عمل میں لایا گیا۔ اس سیاحتی مقام میں سیب اور چیری کے بڑے بڑے باغات ہیں جن کا پھل بیرون ممالک میں بھی ایکسپورٹ ہوتا ہے۔ کوئٹہ سے ڈیڑھ سو کلومیٹر کے فاصلے پر بی ایک تاریخی شہر ہے۔ تاریخی حوالے سے ”بی میلہ“ ملک بھر میں مشہور ہے، جو ہر سال فروری کے مہینے میں منعقد ہوتا ہے۔ جس میں ملک کی اعلیٰ ترین قیادت شرکت کرتی ہے۔ اس میلے میں بلوچستان کے علاقے بھاگناڑی کے مشہور بیل وگائے اور صوبے کے دیگر علاقوں سے آئے جانوروں کی منڈی لگتی ہے، جس میں ایران، افغانستان اور ملک کے دیگر صوبوں کے بیوپاری اعلیٰ نسل کے جانور خریدنے کے لیے یہاں آتے ہیں۔ بی ایشیاء کا سب سے گرم ترین علاقہ ہے، جہاں گرمیوں میں 52 سینٹی گریڈ تک گرمی پڑتی ہے۔ بی سے تیس کلومیٹر دور لب درہ بولان کے مقام پر دنیا کی قدیم انسانی تہذیب ”مہر گڑھ“ موجود ہے، سات ہزار سال پرانی تہذیب اندرون وبیرون ممالک کے سیاح کو اپنی جانب متوجہ کرتی ہے۔ دور حاضر میں اس وقت بلوچستان کا ضلع گوادر پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک منصوبہ)، گوادر پورٹ کی وجہ سے نہ صرف عالمی نگاہوں کا مرکز بن چکا ہے بلکہ عالمی تجارتی مرکز کا روپ بھی دھار چکا ہے۔ سی پیک منصوبہ پر اقتصادی وتجارتی ماہرین کا کہنا ہے کہ سی پیک گیم چینجر منصوبہ ہے جو پاکستان میں معاشی ترقی اور استحکام لائے گا۔ اور پاکستان کی سٹریٹجک لوکیشن مشرق اور مغرب کے درمیان پل کا کردار ادا کرنے کے لیے بہترین ہے۔ پاکستان میں سرمایہ کاری ٹرانسپورٹ، تجارت اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں بے شمار نئے مواقع جنم لے رہے ہیں، گوادر پورٹ اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے پاکستان عالمی تجارت میں اپنا کردار مزید مضبوط بنا سکتا ہے۔ اس منصوبے کے ثمرات نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے میں ترقی اور خوشحالی کے نئے مواقع پیدا کریں گے۔ جدید سڑکوں، پلوں اور ریلوے نیٹ ورک کی تعمیر سے پورے خطے میں نقل وحمل کے ذرائع بہتر ہونگے، جو تجارتی اور معاشی ترقی کے لیے مددگار ثابت ہونگے۔ سی پیک کے توانائی کے منصوبوں سے پورے خطے میں توانائی کی کمی کو پورا کیا جائے گا، جس سے صنعتی اور تجارتی سرگرمیاں بڑھیں گی۔ اس منصوبے کے تحت پیدا ہونے والے لاکھوں روزگار کے مواقع نہ صرف پاکستان بلکہ دیگر ممالک کے لیے بھی معاشی خوشحالی کا باعث ہوں گے۔

اس منصوبے کی کامیاب تکمیل سے پورے خطے میں صحت، تعلیم اور دیگر سماجی شعبوں میں بہتری آئے گی، جس سے لوگوں کے معیار زندگی میں اضافہ ہوگا۔ اس وقت ملک دشمن عناصر کی طرف سے بلوچستان کی محرومیوں کا بیانیہ اور وسائل کی کمی کا منفی پراپیگنڈا دم توڑ چکا ہے، کیونکہ بلوچستان پسماندگیوں سے نکل کر ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 23 FEB 2025

Page No. 18

# بلوچستان کا تعلیمی بحران

اگر ہم ہر ترقی یافتہ قوم کی تاریخ کا جائزہ لیں تو ایک بنیادی عنصر سب سے زیادہ نمایاں نظر آئے گا: تعلیم کو ترقی کی بنیاد بنانا۔ معاشی خوشحالی سے لے کر تکنیکی ترقی تک، ہر وہ قوم جس نے مسلسل ترقی حاصل کی ہے، اس نے تعلیم کو اولین ترجیح دی ہے،

**عیسیٰ طاہر**

تعلیمی مواقع کی مساوی فراہمی کو یقینی بنایا ہے اور ہر سطح پر معیاری تعلیمی اداروں میں سرمایہ کاری کی ہے۔

بدقسمتی سے، بلوچستان میں، جو قدرتی وسائل سے مالامال ہے، حقیقی ترقی کا سب سے بڑا فقدان تعلیم کے شعبے میں نظر آتا ہے۔ سینکڑوں اسکول بند پڑے ہیں، بنیادی سہولیات سے محروم ہیں اور اساتذہ کی شدید کمی کا شکار ہیں۔ صورتحال اتنی خراب ہے کہ فعال اسکولوں میں بھی طلبہ پورے تعلیمی سال کے دوران بنیادی مضامین تک نہیں پڑھ پاتے۔

محض امتحانی نگرانی ایک ٹوٹے ہوئے تعلیمی نظام کو ٹھیک نہیں کر سکتی اس وقت بلوچستان بھر میں میٹرک کے امتحانات جاری ہیں، اور وزیر اعلیٰ نے امتحانی مراکز میں نقل کے خلاف سخت اقدامات کی ہدایت دی ہے۔ امتحانات کی شفافیت یقینی بنانا یقیناً ضروری ہے، لیکن اس سے طلبہ کو درپیش بنیادی مسائل حل نہیں ہوتے۔ جب طلبہ کو معیاری تعلیمی وسائل، تربیت یافتہ اساتذہ اور فعال کلاس رومز ہی میسر نہ ہوں تو ہم ان سے ایمانداری کی توقع کیسے کر سکتے ہیں؟

مثال کے طور پر، گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول نوکنڈی کی حالت دیکھیے، جہاں کل داخلہ تقریباً 550 طلبہ پر مشتمل ہے۔ یہ اسکول، دیگر کئی اسکولوں کی طرح، شدید مسائل سے دوچار ہے:

محض پانچ اساتذہ، جن میں پرنسپل بھی شامل ہیں، سیکڑوں طلبہ کو پڑھانے پر مجبور ہیں۔

پورے ہائی اسکول کے لیے صرف چھ کمروں پر مشتمل عمارت موجود ہے، جن میں فرنیچر تو دور، بیٹھنے کے لیے چٹائیاں تک نہیں ہیں۔

یہ اسکول سرکاری طور پر لڑکوں کے لیے مختص ہے، لیکن لڑکیوں کو بھی داخلہ دیا جاتا ہے کیونکہ خواتین کے لیے قرب و جوار میں کوئی علیحدہ تعلیمی سہولت دستیاب نہیں۔

یہی صورتحال نوکنڈی سمیت بلوچستان کے دیگر سیکنڈری اور ہائر سیکنڈری اسکولوں میں بھی دیکھنے کو ملتی ہے، جہاں سائنس کے اساتذہ تقریباً ناپید ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ بیشتر اسکولوں میں پورے سال کے دوران کئی مضامین بالکل نہیں پڑھائے جاتے، جس کے نتیجے میں طلبہ امتحانات کے لیے مکمل طور پر تیاری نہیں کر پاتے۔

حکومتی اہلکار حقیقی مسائل کی بجائے عارضی حل پر توجہ دے رہے ہیں ان سنگین کمزوریوں کے باوجود، مختلف اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے طلبہ کے خلاف سخت رویہ اپنایا ہوا ہے۔ امتحانات میں نقل کرنے والے طلبہ کے خلاف پیپر منسوخ کرنے، قانونی کارروائی کرنے اور حتیٰ کہ قید کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں۔ ان اعلانات میں اصل مسئلے کو نظرانداز کیا جارہا ہے، یعنی کہ حکومتوں کی مسلسل تعلیمی غفلت۔

اسی دوران، اکثر دیکھنے میں آتا ہے کہ بیوروکریٹس اور سیکریٹریز امتحانی مراکز کے دورے کر کے سخت نگرانی کا تاثر دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایسے اقدامات سرخیوں اور سوشل میڈیا پر توجہ حاصل کر سکتے ہیں، مگر اساتذہ کی کمی، ناقص تعلیمی سہولیات اور پرانے نصاب جیسے مسائل حل نہیں کر سکتے۔ دنیا کے بہترین تعلیمی نظاموں میں، اعلیٰ سرکاری حکام امتحانی مراکز کی نگرانی کی بجائے ایسی پالیسیاں بناتے ہیں جو تعلیمی معیار کو بہتر بناتی ہیں۔

بلوچستان کے تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کے لیے امتحانی دن کی پابندیوں کی بجائے طویل المدتی اصلاحات کی ضرورت ہیاگر حکومت واقعی بلوچستان میں تعلیمی نظام کو بہتر بنانا چاہتی ہے، تو وقتی حل کی بجائے مستقل بنیادوں پر اصلاحات کرنی ہوں گی۔ درج ذیل اقدامات فوری طور پر کیے جانے چاہئیں:

اساتذہ کی خالی آسامیوں کو پُر کرنا اور بھرتی کے نظام میں بہتری لانا۔

سائنس اور ریاضی کے مضامین کے ماہر اساتذہ کی ہنگامی بنیادوں پر بھرتی کی جائے۔

کنٹریکٹ پر بھرتیوں کا آغاز کیا جائے، جن کی کارکردگی پر سخت نگرانی رکھی جائے۔

اسکولوں کے بنیادی ڈھانچے میں بہتری لانا۔

ہر اسکول میں کم از کم مناسب کلاس رومز، بیٹھنے کی سہولیات اور بنیادی حفظانِ صحت کی سہولتیں فراہم کی جائیں۔

لیبارٹری کے آلات، لائبریریاں اور سائنسی تدریسی مواد فراہم کیا جائے۔

تعلیم کے لیے دستیاب وسائل کا مؤثر استعمال اور اضافی فنڈز کا حصول۔

اگر محکمہ تعلیم کو مالی وسائل کی کمی کا سامنا ہے، تو بین الاقوامی عطیہ دہندگان، اقوام متحدہ کے ادارے، اور ترقیاتی بینک جیسے ورلڈ بینک اور ایشیائی ترقیاتی بینک سے امداد حاصل کی جائے۔

بلوچستان کے معدنیاتی علاقوں میں کام کرنے والی کان کنی کمپنیوں کو پابند کیا جائے کہ وہ کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (CSR) کے فنڈز تعلیم پر خرچ کریں، خصوصاً چاغی اور نوکنڈی میں، جہاں یہ کمپنیاں اربوں روپے کا منافع کما رہی ہیں۔

امتحانی بورڈز کو شفاف اور غیر سیاسی بنانا۔

امتحانی بورڈز کو خودمختار، پیشہ ورانہ انداز میں چلایا جائے اور انہیں سیاسی مداخلت، اقربا پروری اور جانبداری سے پاک رکھا جائے۔

سخت احتسابی نظام متعارف کروایا جائے تاکہ طلبہ کی جانچ ان کی قابلیت کی بنیاد پر کی جا سکے، نہ کہ کسی سفارش یا اثر و رسوخ کی بنا پر۔

تعلیمی اصلاحات مزید تاخیر برداشت نہیں کر سکتیں، ماضی کی حکومتوں کی ناکامیوں نے بلوچستان کے نوجوانوں سے پہلے ہی کئی دہائیاں چھین لی ہیں۔ اگر فوری اصلاحات نہ کی گئیں تو بلوچستان ملک کے دیگر حصوں سے مزید پیچھے رہ جائے گا اور اس کے موجودہ سماجی و معاشی مسائل مزید گہرے ہو جائیں گے۔

حل وقتی امتحانی پابندیوں میں نہیں بلکہ ایک طویل المدتی، مربوط، اور مالی طور پر مستحکم حکمتِ عملی میں مضمر ہے، تاکہ ہر بچے کو معیاری تعلیم، تربیت یافتہ اساتذہ اور کامیابی کے لیے ضروری وسائل مہیا کیے جا سکیں۔

حکومت کا اصل امتحان یہ نہیں کہ وہ طلبہ کو نقل سے کیسے روکتی ہے، بلکہ یہ ہے کہ آیا وہ اتنی بصیرت، عزم اور دیانت داری رکھتی ہے کہ وہ اس تباہ حال تعلیمی نظام کو ہمیشہ کے لیے درست کر سکے؟؟

CLIPPING SERVICE P-1

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No ط


Dated: 23 FEB 2025

Page No. ۲۰









انٹرویو: محمد افضل مغل

[illegible]

سیاست میں ہمیشہ اخلاقیات کو ترجیح دی، مجھے بناوٹی زندگی سے سخت نفرت، قناعت پسند اور سیدھا سادھا انسان ہوں

# قوم پرستوں نے ہمیشہ بلوچستان میں بیٹھ کر نفاق اور پنجاب کیخلاف نفرت انگیز سیاست کی ہے

[illegible]

[illegible]

[illegible] سید آل خان ناصر [illegible] خصوصی بات چیت

[illegible]

میرے والد محترم رحمت خان ناصر صاحب تجارت سے وابستہ تھے لیکن اسکے ساتھ ساتھ نیپ کے سرگرم کارکن تھے اسی پاداش میں انہوں نے نہ صرف قید و بند بلکہ جلاوطنی کی صعوبت بھی برداشت کی لیکن کبھی انہوں نے اصولوں پر سودا بازی نہیں کی وہ مشکل سے مشکل حالات میں بھی پارٹی کے ساتھ ثابت قدم رہے اسکے علاوہ ہم سادہ لوح لوگ ہیں میں بذات خود قناعت پسند سیدھا سادھا انسان ہوں بناوٹی زندگی سے سخت نفرت ہے پیشے کے اعتبار سے کاروبار سے منسلک ہوں اور اور ایک منرل کمپنی کا سی ای او ہوں۔ میری تعلیم بھی کوئٹہ میں ہی مکمل ہوئی میں نے مڈل سینٹرل ہائی اسکول کوئٹہ سے جبکہ میٹرک تعمیر نو ہائی اسکول کوئٹہ اسکے بعد ایف ایس سی اور بی ایس سی گورنمنٹ سائنس کالج کوئٹہ جبکہ جامع بلوچستان سے پولیٹیکل سائنس میں ماسٹرز کیا۔

س: سیاست میں کب آئے اور اپنے سیاسی کیرئیر اور سیاسی جدوجہد کے حوالے سے کچھ بتائیں؟

ج: میں نے جب ہوش سنبھالا تو اسی وقت سے میں نے اپنے والد صاحب کو سیاسی میدان میں متحرک دیکھا تو اسی طرح خود بھی زمانہ طالب علمی میں ہی سیاست سے وابستہ ہوگیا میں نے سیاسی کیرئیر کا آغاز پشتون اسٹوڈنٹ فیڈریشن (پی ایس ایف) سے کیا جسکے کئی تنظیمی عہدوں پر بھی فائز رہا بعد ازاں عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی اور صوبائی عہدوں پر متحرک رہا لیکن اسکے بعد میں نے سوچا کہ مجھے قومی سیاست میں آنا چاہیے اور قومی سطح پر میں اپنی جماعت پاکستان مسلم لیگ ن کے قائد میاں محمد نواز شریف کی جاندار شخصیت و سیاسی وژن سے بے حد متاثر تھا اور 1992 میں باقاعدہ مسلم لیگ ن میں شمولیت اختیار کرلی اور مسلم اسٹوڈنٹ فیڈریشن کا جنرل سیکرٹری رہا اور اسٹوڈنٹ لیڈر کے طور پر متحرک رہا بعد ازاں















س: آپ کا شمار بلوچستان کے فعال سیاسی کارکنوں میں ہوتا ہے جنہوں نے زمانہ طالبعلمی سے ہی سیاست کی دنیا میں قدم رکھا ہمارے قارئین کو اپنی ابتدائی زندگی اور تعلیم کے حوالے سے کچھ بتائیں۔

ج: میری پیدائش کوئٹہ کی ہے 17 اپریل 1975 کو میری پیدائش ہوئی میرا تعلق پشتونوں کے ناصر قبیلے سے ہے

ہمارا مسلم لیگ ن کے قائدین میاں محمد نواز شریف اور دیگر مرکزی قیادت سے بھی قریبی تعلق ہے سید آل خان ناصر نے حسب سابق صوبائی [illegible] مسلم لیگ و صوبے کے طول و عرض میں فعال [illegible]

سیاست دانوں میں ایک [illegible] پاکستان سید آل خان ناصر کا بھی ہے جنہوں نے اسٹوڈنٹ [illegible] سے سیاست کا آغاز کیا اور گزشتہ تین دہائیوں سے زائد عرصہ سے پاکستان مسلم لیگ ن سے وابستہ ہیں ان کا شمار مسلم لیگ ن کے نظریاتی کارکنوں میں کیا جاتا ہے

بدترین حالات میں بھی پارٹی اور قیادت کے ساتھ ثابت قدم رہے اسی پاداش میں انہیں نے قید و بند کی صعوبتیں بھی برداشت کیں۔ سید آل خان

ہم نے گزشتہ دنوں ڈپٹی چیئرمین سینٹ آف پاکستان اور پاکستان مسلم لیگ ن کے دیرینہ کارکن سید آل خان ناصر سے ملکی سیاسی منظر نامے، ان کی نجی زندگی، بلوچستان کے مسائل اور دیگر امور پر خصوصی بات چیت کی جس کا احوال رنگ سنگ میگزین کے قارئین کی نذر ہے۔



کوئٹہ: الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام کانفرنس سے وفاقی محتسب آصف محمود، وزیر تعلیم راحیلہ درانی و دیگر خطاب کر رہے ہیں



کوئٹہ: صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سول ہسپتال میں مریض کی عیادت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.________ Dated: 23 FEB 2025 Page No.________



کوئٹہ، آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری کے ہمراہ اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری، میر زابد ریکی ودیگر کا گروپ فوٹو

CamScanner